دی پنجاب سکول، لاہور

سرکلر نمبر: 03/2026　　　　ٹاؤن شپ لاہور　　　　تاریخ: 29 جنوری 2026ء

محترم والدین!

السلام علیکم!

سکول انتظامیہ اپنے طلبہ وطالبات کو معیاری سوئمنگ کی سہولیات مہیا کرتی ہے۔سوئمنگ کی سالانہ فیس مبلغ -/5000 روپے ہے جو نا قابلِ واپسی ہوتی ہے اور نئے تعلیمی سال کے آغاز پر یکمشت وصول کی جاتی ہے۔سکول کی سوئمنگ ٹیم میں منتخب ہونے والے طلبہ کو گرمیوں کی تعطیلات کے دوران بھی سوئمنگ اور کوچنگ کی سہولت مہیا کی جاتی ہے۔

نئے تعلیمی سال کے آغاز سے پہلے سوئمنگ میں داخلہ لینے والے طلبہ وطالبات کی تعداد کے پیشِ نظر ہم ٹائم ٹیبل مرتب کرتے ہیں اس لیے آپ سے درخواست ہے کہ اپنے بچوں کو سوئمنگ کلاس میں داخلہ دلانے یا نہ دلانے سے متعلق فیصلہ سوچ بچار کے بعد کیا کریں تا کہ آپ کو بعد ازاں پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے کیونکہ جمع شدہ فیس نا قابلِ واپسی ہوگی۔مقررہ تاریخ کے بعد طالب علم یا طالبہ کو سوئمنگ کلاس میں داخلہ نہیں دیا جائے گا۔

نیچے دیے گئے اجازت نامہ کو پُر کر کے 10 فروری 2026ء تک واپس کر دیں۔بصورتِ دیگر گزشتہ سال کے اجازت نامے کو اس سال کا اجازت نامہ تصور کیا جائے گا۔اور مارچ 2026ء کے فیس چالان میں سوئمنگ فیس درج کر دی جائے گی۔

نوٹ: نرسری تا کلاس VII سوئمنگ کلاسز سکول اوقات میں ہی ہوں گی جبکہ سلیبس وقت پر ختم کرنے کے لیے وقت کی کمی کے باعث کلاس VIII تا X کی سوئمنگ کلاسز بروز ہفتہ ہوں گی۔چونکہ بروز ہفتہ سکول ٹرانسپورٹ نہیں چلتی لہذا بچوں کو سکول لانے اور لے جانے کی ذمہ داری والدین کی ہوگی۔

ہمیں امید ہے کہ آپ اسکول انتظامیہ کے ساتھ تعاون فرمائیں گے۔ شکریہ!

آپ کے تعاون کا متمنی

ایگزیکٹو ڈائریکٹر

وصول کنندہ:

تمام طلبہ طالبات ٹاؤن شپ کیمپس

(نوٹ: براہِ مہربانی درج ذیل حصے کو پُر کر کے واپس بھیج دیں)

1۔ میرے بیٹے/میری بیٹی ____________ سٹوڈنٹ نمبر ____________ کلاس ____________ سیکشن ____________ کو سوئمنگ کلاس میں داخلہ دیا جائے ہاں ☐ نہیں ☐ ۔میں بچے/بچی کے سوئمنگ کلاس چھوڑنے کی صورت میں ادا شدہ فیس کی واپسی کا مطالبہ نہیں کروں گا/کروں گی۔

تاریخ ____________　　　　دستخط والد/والدہ/سرپرست: ____________________

نام والد/والدہ/سرپرست: ____________________

فون نمبر گھر: ____________________

فون نمبر دفتر: ____________________